بیت الخلاء جانے کی سنّتیں

(۱) بیت الخلاء میں جانے سے پہلے دعا پڑھنا۔
(۲) پہلے بایاں قدم اندر داخل کرنا۔ (۳) سر ڈھانپ کر جانا۔
(۴) بایاں قدم پر زور دے کر بیٹھنا۔ (۵) بائیں ہاتھ سے نجاست صاف کرنا۔
(۶) سیدھا ہاتھ پیٹ پر رکھنا اور اُلٹا ہاتھ اپنے رُخسار پر رکھ کر بیٹھنا۔
(۷) نگاہیں نیچی رکھنا۔ (۸) جتنی ضرورت ہو اُتنا ہی ستر کھولنا۔
(۹) دایاں قدم باہر نکالنا۔ (۱۰) باہر نکلنے کے بعد دُعا پڑھنا۔

کھانے کی سنّتیں

(۱) دونوں ہاتھ گٹوں تک دھونا اور نہ پوچھنا۔ (۲) دسترخوان بچھانا۔
(۳) بسم اللہ الرحمن الرحیم اور دعا پڑھنا۔ (۴) دائیں ہاتھ سے کھانا۔
(بائیں ہاتھ سے ہرگز نہ کھانا) (۵) اپنے سامنے سے کھانا اگر طشتری میں کئی قسم کی چیزیں ہوں تو جو پسند ہو وہ کھائے کسی کا ہاتھ بڑھ رہا ہو تو اپنے ہاتھ کو روک لے۔ (۶) تین انگلیوں سے کھانا۔

اے اللہ! بے شک میں تیری پناہ چاہتا ہوں تیرے ساتھ کسی چیز کو شریک کرنے سے کہ جس کو میں جانتا ہوں اور میں معافی چاہتا ہوں تجھ سے اس چیز کے بارے میں کہ جس کو میں نہیں جانتا ہوں، توبہ کیا میں نے اس سے اور بیزار ہوا میں کفر سے، شرک سے اور ہر قسم کے گناہوں سے اور اسلام لایا میں اور ایمان لایا میں اور میں کہتا ہوں کہ خدائے تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں حضرت محمد ﷺ اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

ایمانِ مفصل

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ
وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ
مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ ط

ایمان لایا میں اللہ تعالیٰ پر، اس کے فرشتوں پر، اس کی کتابوں پر، اس کے رسولوں پر، قیامت کے دن پر، اور اس بات پر کہ تقدیر کی اچھائی اور برائی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور میں اس بات پر ایمان لایا کہ مرنے کے بعد پھر دوبارہ زندہ ہونا ہے۔

غسل کا طریقہ

غسل کے تین فرائض ہیں: غسل میں تین باتیں فرض ہیں (۱) کلی کرنا۔ (۲) ناک میں پانی ڈالنا (۳) تمام ظاہر بدن پر سر سے پاؤں تک پانی بہانا۔ (درمختار، عالمگیری وغیرہ)

غسل کا طریقہ: غسل کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے غسل کی نیت کر کے دونوں ہاتھ گٹوں تک تین بار دھوئے پھر استنجاء کی جگہ دھوئے اس کے بعد بدن پر اگر کہیں نجاست حقیقیہ یعنی پیشاب یا پاخانہ وغیرہ ہو تو اُسے دور کرے پھر نماز جیسا وضو کرے مگر پاؤں نہ دھوئے ہاں اگر چوکی یا پتھر وغیرہ اونچی جگہ پر نہائے تو پاؤں بھی دھولے، اس کے بعد بدن پر تیل کی طرح پانی چپڑ لے، پھر تین بار داہنے کندھے پر پانی بہائے، تمام بدن پر ہاتھ پھیرے اور ملے پھر نہانے کے بعد فوراً کپڑے پہن لے۔ (عالمگیری)

وضو کرنے کا طریقہ

وضو کے چار فرائض ھیں: اوّل منہ دھونا یعنی پیشانی پر بال نکلنے کی جگہ سے ٹھوڑی کے نیچے تک اور ایک کان کی لو سے دوسرا کان کی لو تک۔ دوسرے کہنیوں سمیت دونوں ہاتھ دھونا۔ تیسرا چوتھائی سر کا مسح کرنا یعنی بھیگا ہوا ہاتھ پھیرنا۔ چوتھا دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھونا۔

وضو کا طریقہ: وضو کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے وضو کرنے کی دعا پڑھے، پھر مسواک نہ ہو تو اُنگلی سے دانت مل لے، پھر دونوں ہاتھوں کو گٹوں تک تین بار دھوئے پہلے داہنے ہاتھ پر پانی ڈالے پھر بائیں ہاتھ پر دونوں کو ایک ساتھ نہ دھوئے، پھر داہنے ہاتھ سے تین بار کلی کرے پھر بائیں ہاتھ کی چھوٹی اُنگلی سے ناک صاف کرے اور داہنے ہاتھ سے تین بار ناک میں پانی چڑھائے، پھر پورا چہرہ دھوئے یعنی پیشانی پر بال اُگنے کی جگہ سے ٹھوڑی کے نیچے تک اور ایک کان کی لو سے دوسرے کان کی لو تک ہر حصے پر تین بار پانی بہائے اس کے بعد دونوں ہاتھ کہنیوں سمیت تین بار دھوئے، انگلیوں کی طرف سے کہنیوں کے اوپر تک پانی ڈالے کہنیوں کی طرف سے نہ ڈالے، پھر ایک بار دونوں ہاتھ سے پورے سر کا مسح کرے پھر کانوں اور گردن کا ایک ایک بار مسح کرے پھر دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت تین بار دھوئے۔ (درمختار، ردالمحتار، بہار شریعت)

متفرّق سنّتیں

* سونے کی سنتیں *

(۱) سونے سے پہلے وضو کرنا۔ (۲) اپنے ہاتھ سے بستر لگانا۔
(۳) بستر جھاڑ کر سونا۔ (۴) سرمہ لگا کر سونا۔
(۵) سونے سے پہلے کی دُعا پڑھنا۔ (۶) سیدھی کروٹ سونا۔
(۷) سو کر اُٹھنے کے بعد کی دُعا پڑھنا۔ (۸) اپنے ہاتھ سے بستر اُٹھانا۔
(۹) سونے سے پہلے آیۃ الکرسی اور چاروں قُل پڑھنا۔

سرمہ لگانے کی سنتیں

(۱) سرمہ لگانے سے پہلے دُعا پڑھنا۔ (۲) سیدھے ہاتھ سے سرمہ لگانا۔
(۳) پہلے سیدھی آنکھ میں سرمہ لگانا۔ (۴) دونوں آنکھ میں تین تین سلائی سرمہ لگانا۔ (۵) پہلی سلائی لگانے کے بعد سلائی پونچھنا۔

(۷) پیالہ طشتری کو نیز انگلیوں کو چاٹ کر صاف کرنا۔
(۸) اگر لقمہ گر جائے تو اُٹھا کر کھالینا۔ (۹) کھانے میں عیب نہ لگانا۔ (۱۰) ٹیک لگا کر نہ کھانا۔ (۱۱) کھانے کے بعد کی دعا پڑھنا۔
(۱۲) پہلے دسترخوان اُٹھانا پھر خود اُٹھنا اور دسترخوان اُٹھانے کی دُعا پڑھنا۔ (۱۳) کُلّی کرنا۔ (۱۴) ہاتھ دھونا۔

گھر میں داخل ہونے کی سنّتیں

(۱) پہلے سلام کرنا۔ (۲) بے دھڑک گھر میں داخل نہ ہونا۔
(۳) کسی دوسرے کے گھر جائے تو کنارے کھڑے ہو کر دستک دینا۔
(۴) بغیر اجازت اندر داخل نہ ہونا۔ (۵) کبھی بھی کسی کے گھر کے آگے کھڑے نہ ہونا۔

* دوسرا حصّہ *

کلمے

* کلمۂ توحید *

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ
يُحْيٖ وَيُمِيْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط

اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لئے بادشاہت ہے اور اُسی کے لئے تعریف ہے، وہی زندگی دیتا ہے اور وہی موت دیتا ہے اور وہ زندہ ہے کبھی نہ مرے گا اسی کے دست قدرت میں ہر قسم کی بھلائی ہے اور وہ سب کچھ کر سکتا ہے۔

---

* کلمۂ ردِّ کفر *

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا وَّاَنَا
اَعْلَمُ بِهٖ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا اَعْلَمُ بِهٖ تُبْتُ
وَرَجَعْتُ عَنْهُ وَتَبَرَّاْتُ مِنَ الْكُفْرِ وَالشِّرْكِ
وَالْكِذْبِ وَالْغِيْبَةِ وَالْبُهْتَانِ وَالْمَعَاصِيْ كُلِّهَا
وَاَسْلَمْتُ وَاٰمَنْتُ وَاَقُوْلُ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ط

دعائے ماثورہ

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ تَوَالَدَ وَارْحَمْهُمَا كَمَا
رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا وَاغْفِرِ اللّٰهُمَّ لِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ
وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ اَلْاَحْيَاءِ
مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ اِنَّكَ مُجِيْبُ الدَّعَوَاتِ۔

اے اللہ میری مغفرت فرما اور میرے والدین کی مغفرت فرما اور ان پر رحم فرما جیسا انہوں نے مجھ پر بچپن میں رحم کیا اور مغفرت فرما تمام مومن مردوں اور مومن عورتوں کی اور مسلمان اور مردوں اور مسلمان عورتوں کی جو زندہ ہیں ان کی اور جو اس دنیا سے چلے گئے اُن کی بے شک تو ہی دعاؤں کو قبول کرنے والا ہے۔

* وضو کے بعد کی دعا *

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ
مِنَ الْمُتَطَهِّرِیْنَ ط (ترمذی)

الٰہی تو مجھے توبہ کرنے والوں اور پاک لوگوں میں کردے۔

* کپڑا پہننے کی دعا *

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ کَسَانِیْ هٰذَا وَرَزَقَنِیْهِ مِنْ
غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ ط (ابوداود)

سب خوبیاں اللہ کے لئے جس نے یہ مجھے پہنایا اور میری کسی طاقت وقوت کے بغیر مجھے عطا کیا۔

* سونے کی دعا *

اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْیٰی ط (بخاری)

اے اللہ میں تیرے ہی نام پاک کی مدد سے سوؤں گا اور تیرے ہی نام پاک کی مدد سے بیدار ہوؤں گا۔

دُعائے قنوت

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ وَنُؤْمِنُ بِكَ وَنَتَوَكَّلُ عَلَیْكَ وَنُثْنِیْ عَلَیْكَ الْخَیْرَ وَنَشْكُرُكَ وَلَا نَكْفُرُكَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُكُ مَنْ یَّفْجُرُكَ اَللّٰھُمَّ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَلَكَ نُصَلِّیْ وَنَسْجُدُ وَاِلَیْكَ نَسْعٰی وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْ رَحْمَتَكَ وَنَخْشٰی عَذَابَكَ اِنَّ عَذَابَكَ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ۔

(ترجمہ) الٰہی ہم تجھ سے مدد چاہتے ہیں اور تجھ سے معافی مانگتے ہیں اور تجھ پر بھروسہ رکھتے ہیں اور تیری بہت اچھی تعریف کرتے ہیں اور تیرا شکر ادا کرتے ہیں اور تیری ناشکری نہیں کرتے اور الگ کرتے ہیں اور چھوڑتے ہیں اس شخص کو جو تیری نافرمانی کرے، الٰہی ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تیرے لئے نماز پڑھتے ہیں اور سجدہ کرتے ہیں اور تیری ہی طرف دوڑتے اور حاضر ہوتے ہیں خدمت کے لئے اور تیری رحمت کے امیدوار ہیں اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں۔ بے شک تیرا عذاب کافروں کو ملنے والا ہے۔

مسنون دُعائیں

* کھانا شروع کرنے کی دعا *

بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰی بَرَكَةِ اللّٰهِ ط (مستدرک)

اللہ کا نام لے کر کھاتا ہوں اور اس کی برکت سے

* جب بسم اللہ بھول جائے تو یاد آنے پر دُعا *

بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ ط (ترمذی)

اللہ کے نام سے شروع اور آخر میں

* کھانا کھانے کے بعد کی دعا *

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ط

سب خوبیاں اللہ تعالی کیلئے ہے جس نے ہمیں کھلایا پلایا اور مسلمانوں میں سے بنایا۔ (حصن)

(۳۰) وَالِدَاكَ جَنَّتُكَ اَوْ نَارُكَ	ماں باپ تمہارے لئے جنت ہیں یا جہنم۔
(۳۱) عَذَابُ الْقَبْرِ حَقٌّ	قبر کا عذاب سچ ہے۔
(۳۲) اَلْقُرْاٰنُ حُجَّةٌ لَّكَ اَوْ عَلَیْكَ	قرآن تمہارے حق میں گواہی دیگا یا تمہارے خلاف۔
(۳۳) اَلْغِیْبَةُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَا	غیبت زنا سے بھی زیادہ بری چیز ہے
(۳۴) قُرَّةُ عَیْنِیْ فِی الصَّلٰوةِ	نماز میں میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔
(۳۵) اَلْجَنَّةُ تَحْتَ اَقْدَامِ الْاُمَّهَاتِ	جنت ماؤں کے قدموں کے نیچے ہے۔
(۳۶) مَنْ لَّا یَرْحَمُ لَا یُرْحَمُ	جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جائیگا۔
(۳۷) اَلْاِسْلَامُ یَعْلُوْا وَلَا یُعْلٰی	اسلام غالب ہونے کیلئے آیا ہے مغلوب ہونے کیلئے نہیں
(۳۸) لَا یَبُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ قَآئِمًا	تم میں سے کوئی کھڑے ہو کر پیشاب نہ کرے۔
(۳۹) اَلْجِهَادُ مَاضٍ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ	جہاد قیامت تک کیلئے چلتا رہے گا۔
(۴۰) سِبَابُ الْمُؤْمِنِ فُسُوْقٌ وَقِتَالُهٗ كُفْرٌ	مومن کو برا کہنا فسق اور ناحق مار ڈالنا کفر ہے۔

اذان کے بعد کی دعا

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّآمَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَآئِمَۃِ اٰتِ سَیِّدَنَا مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَالدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ وَارْزُقْنَا شَفَاعَتَہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ط

احادیث

(۲۱) اَفْشُوا السَّلَامَ تَسْلَمُوْا — سلام کو عام کرو، محفوظ ہو جاؤ گے۔

(۲۲) اِتَّقُوْا مَوَاضِعَ التُّھَمِ — تہمت کی جگہ سے بچو۔

(۲۳) مَنْ غَشَّ فَلَیْسَ مِنَّا — دھوکے باز مجھ سے نہیں۔

(۲۴) اَلزِّنَا یُوْرِثُ الْفَقْرَ — زنا غربت کو پیدا کرتا ہے۔

(۲۵) لَا یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ قَاطِعٌ — رشتہ توڑنے والا جنت میں نہیں جائیگا۔

(۲۶) اَلْمُؤْمِنُ مِرْاٰۃُ الْمُؤْمِنِ — مومن، مومن کا آئینہ ہے۔

(۲۷) لَا تَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ — موت کی تمنا نہ کرو۔

(۲۸) بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ اٰیَۃً — دین کی بات دوسروں تک پہنچاؤ خواہ ایک ہی بات ہو۔

(۲۹) اَلْحُسَیْنُ مِنِّیْ وَاَنَا مِنَ الْحُسَیْنِ حسین مجھ سے ہیں اور میں حسین سے ہوں۔

* دودھ پینے کے بعد کی دعا *

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْہِ وَزِدْنَا مِنْہُ ط (ترمذی)

اے اللہ اس میں ہمارے لئے برکت دے اور یہ ہمیں اور زیادہ دے۔

* مسجد میں داخل ہونے کی دعا *

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ ط (ترمذی)

اے اللہ میرے لئے تیری رحمت کے دروازے کھول دے۔

* مسجد سے نکلنے کی دعا *

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ ط

اے اللہ میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔

* وضو کرنے کی دعا *

بِسْمِ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی دِیْنِ الْاِسْلَامِ ط

اللہ کے نام سے شروع جو عظمت والا سب خوبیاں اللہ کیلئے ہے جس نے ہمیں دین اسلام عطا فرمایا۔

مسنون دُعائیں

* سو کر اُٹھنے کی دعا *

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَآ اَمَاتَنَا وَاِلَیْہِ النُّشُوْرُ ط (بخاری)

سب خوبیاں اللہ تعالیٰ کیلئے جس نے موت (نیند) کے بعد ہمیں حیات (بیداری) عطا فرمائی اور روز قیامت اسی کی طرف اُٹھ جانا ہے۔

* سرمہ لگانے کی دعا *

اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِالسَّمْعِ وَالْبَصَرِ ط

اے اللہ سماعت اور بصارت کے ساتھ مجھے متمتع کر۔

* سواری کی دعا *

سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ط

پاک ہے اسے جس نے سواری کو ہمارے بس میں کر دیا اور یہ ہمارے قابو کی نہ تھی اور بے شک ہمیں اپنے رب کی طرف لوٹنا ہے۔

(۶) نَظِّفُوْا اَفْنَاءَکُمْ — اپنا صحن صاف رکھو۔

(۷) مَنْ سَکَتَ نَجٰی — جو خاموش رہا، نجات پائی

(۸) مَنْ ضَحِکَ ضُحِکَ — جو کسی پر ہنسے گا (قیامت کے دن) اس پر ہنسا جائے گا۔

(۹) اَلْمُؤْمِنُ لَا یَکْذِبُ — مسلمان جھوٹ نہیں بولتا۔

(۱۰) اَلدِّیْنُ یُسْرٌ — دین آسان ہے۔

(۱۱) اَلْعَیْنُ حَقٌّ — نظر بد لگنا سچ ہے۔

(۱۲) اَلصِّرَاطُ حَقٌّ — پل صراط سے گذرنا سچ ہے۔

(۱۳) اَلسُّؤَالُ ذِلٌّ — مانگنا بری چیز ہے۔

(۱۴) اِحْفَظْ لِسَانَکَ — اپنی زبان کی حفاظت کر۔

(۱۵) لِلْجَارِ حَقٌّ — پڑوسی کا تم پر حق ہے۔

(۱۶) اَعْمَالُکُمْ عُمَّالُکُمْ — جیسے تمہارے اعمال ویسے تمہارے حاکم

(۱۷) اَلْمُسْتَشَارُ مُؤْتَمَنٌ — جس سے مشورہ لیا جائے وہ امانت دار ہے۔

(۱۸) تَھَادَوْا تَحَابُّوْا — تحفے لیتے دیتے رہو محبوب ہو جاؤ گے

(۱۹) لَا تَسُبُّوْا اَصْحَابِیْ — میرے صحابہ کو برا مت کہو۔

(۲۰) اِتَّقِ دَعْوَۃَ الْمَظْلُوْمِ — مظلوم کی بد دعا سے بچو۔

اے اللہ! دورد بھیج ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ پر اور اُن کی آل پر جس طرح تو نے درود بھیجا حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام پر اور اُن کی آل پر بے شک تو سراہا ہوا بزرگ ہے اے اللہ! برکت نازل فرما ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ پر اور اُن کی آل پر جس طرح تو نے برکت نازل کی حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام پر اور اُن کی آل پر بے شک تو سراہا ہوا بزرگ ہے۔

احادیث

سرکار علیہ السلام کی بارگاہ میں کسی نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ علم کی کیا فضیلت ہے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا جو کوئی کسی کو سکھانے کیلئے میری چالیس احادیث یاد کرے گا وہ اس دور کا عالم ہوگا اور جو کوئی میری چالیس احادیث یاد کرے گا اس کے جسم کو قبر کی مٹی نہیں کھا سکتی۔

(۱) اَلْعِلْمُ نُوْرٌ — علم روشنی ہے۔

(۲) اَلصَّبْرُ ضِيَاءٌ — صبر اُجالا ہے۔

(۳) اَلْمُسْلِمُ اَخُ الْمُسْلِمِ — مسلمان مسلمان کا بھائی ہے۔

(۴) اَلدِّيْنُ النَّصِيْحَةُ — دین خیر خواہی کا نام ہے۔

(۵) اَلصَّوْمُ جُنَّةٌ — روزہ ڈھال ہے۔

* گھر سے باہر نکلنے کی دُعا *

بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ
وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ط (ترمذی)

اللہ کے نام سے (گھر سے نکلتا ہوں) میں نے اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کیا۔ نہیں ہے طاقت، نہیں ہے قوت مگر اللہ ہی سے

---

* گھر میں داخل ہونے کی دُعا *

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَيْرَ الْمَوْلَجِ وَخَيْرَ الْمَخْرَجِ ط

اے اللہ میں تجھ سے اندر آنے اور باہر جانے کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں۔

---

* آئینہ دیکھنے کی دُعا *

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ ط (حصن)

سب خوبیاں اللہ کیلئے اے اللہ تو نے میری صورت اچھی بنائی ایسی ہی میری سیرت اچھی کر دے۔

ایمانِ مجمل

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ كَمَا هُوَ بِاَسْمَآئِهٖ وَصِفَاتِهٖ
وَقَبِلْتُ جَمِيْعَ اَحْكَامِهٖ ط

ایمان لایا ہوں اللہ تعالیٰ پر جیسا کہ وہ اپنے ناموں اور اپنی صفتوں کے ساتھ ہے اور میں نے اس کے سب احکام کو قبول کیا۔

ثناء

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ
وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ ط

ہم تیری پاکی کا اقرار کرتے ہیں اے اللہ اور تیری تعریف کرتے ہیں اور بہت برکت والا تیرا نام اور بہت بلند ہے تیری بڑائی اور نہیں ہے کوئی معبود تیرے سوا۔

متفرق سنتیں

* تیل لگانے کی سنتیں *

(۱) تیل لگانے سے پہلے بسم اللہ شریف پڑھنا۔ (۲) دائیں ہاتھ سے شیشی پکڑنا اور بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر اُنڈیلنا۔ (۳) کلمے کی اُنگلی تیل میں ڈبو کر پہلے دائیں بھنوؤں پر لگانا، پھر بائیں بھنوؤں پر لگانا۔ (۴) دائیں پلک اور بائیں پلک پر ۳/۳/ مرتبہ لگانا۔ (۵) اگر مونچھ ہو تو مونچھ کے دائیں جانب پھر بائیں جانب ۳/۳/ مرتبہ لگانا۔ (۶) تین انگلیاں ڈبو کر داڑھی کی دائیں جانب اور بائیں جانب پھر بیچ میں لگانا۔ (۷) سر میں تیل لگانے سے پہلے دوبارہ بسم اللہ شریف پڑھنا۔ (۸) تین انگلیاں ڈبو کر پہلے دائیں جانب پھر بائیں جانب پھر مانگ میں تیل لگانا۔ (۹) پھر پورے سر میں تیل لگانا۔

* قضائے حاجت کیلئے جانے کی دُعا *

بِسْمِ اللهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ ط (بخاری)

اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں پلیدی اور شیاطین سے ۔

* بیت الخلاء سے واپسی کی دُعا *

غُفْرَانَكَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَذْهَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ ط

(مشکوٰۃ) تمام تعریفیں اللہ کیلئے جس نے اذیت کی چیز مجھ سے دور کردی اور مجھے عافیت دی۔

* چھینک آئے تو *

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ...... کہے سننے والا اس کے جواب میں يَرْحَمُكَ اللهُ کہے۔ پھر چھینکنے والا اس کے جواب میں يَهْدِيْكُمُ اللهُ کہے۔(بخاری)

* بلندی پر چڑھتے وقت کہے *

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اللہ سب سے بڑا ہے۔

* بلندی سے نیچے اُترتے وقت کہے *

سُبْحَانَ اللهِ اللہ تعالیٰ ہر عیب سے پاک ہے۔

التحیات

اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللهِ الصّٰلِحِيْنَ ۔ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ۔

تمام تحیتیں، نمازیں اور پاکیزگیاں اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں اے نبی آپ پر سلام ہو اور اللہ کی رحمت و برکتیں نازل ہوں سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے خاص بندے اور اس کے رسول ہیں۔

درود ابراہیم

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔

* پانی پینے کی سنتیں *

(۱) پانی پینے سے پہلے بسم اللہ شریف پڑھنا۔ (۲) پانی دیکھ کر پینا۔
(۳) سیدھے ہاتھ سے پانی پینا۔ (۴) ۳ سانس میں پانی پینا۔
(۵) پانی پینے کے بعد الحمد للہ کہنا۔ (۶) سر ڈھانپ کر پانی پینا۔
(۷) پانی بیٹھ کر پینا۔

* ناخن کاٹنے کی سنتیں *

(۱) ناخن کاٹنے سے پہلے بسم اللہ شریف پڑھنا۔ (۲) پہلے سیدھے ہاتھ کے کلمے کی انگلی کا ناخن کاٹنا۔ (۳) سیدھے ہاتھ کی بڑی انگلی کا ناخن کاٹنا پھر اُس کے بازو والی، پھر کانی اُنگلی کا ناخن کاٹنا۔
(۴) بائیں ہاتھ کی کانی اُنگلی سے شروع کرنا اور انگوٹھے پر ختم کرنا۔
(۵) سیدھے ہاتھ کے انگوٹھے کا ناخن کاٹنا۔ (۶) دائیں پیر کی انگلی سے شروع کرکے بائیں پیر کے انگوٹھے تک ناخن کاٹنا۔

* پہلا حصہ *

اسلام کے کلمے

کلمہ طیبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ ط

اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں حضرت محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں۔

کلمہ شہادت اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ط

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد ﷺ اس کے خاص بندے اور اس کے رسول ہیں۔

کلمہ تمجید سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ط

اللہ تعالیٰ ہر عیب سے پاک ہے اور سب تعریف اللہ کے لئے ہے اور اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے اور طاقت وقوت دینے والا صرف خدائے بزرگ و برتر ہے۔

اور بچوں کو بنیادی باتوں کی تعلیم و تربیت کیلئے جگہ جگہ مدارس قائم کئے گئے اور باضابطہ نصاب کے ذریعے ان کی تربیت کا منصوبہ عمل میں لایا گیا یہ زیر نظر کتاب انہیں ننھے ننھے بچوں کے لئے مرتب کی گئی ہے، احباب تحریک نے بچوں کے مزاج کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کتاب کو مرتب کیا ہے۔ دعا ہے مولیٰ ہماری قوم کے بچوں کو علم دین سے بہرہ مند فرمائے اور تحریک سنی دعوت اسلامی کی اس سعیٔ پیہم کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے۔ آمین

بجاہ سید المرسلین علیہ افضل الصلوٰۃ واکمل التسلیم۔

سگِ غوث وخواجہ ورضا

فقیر سید محمد امین القادری الرضوی الرفاعی

۲۲ر شوال المکرم ۱۴۲۹ھ بروز جمعرات ۲۳ر اکتوبر ۲۰۰۹ء

سنی جامع مسجد یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، مالیگاؤں

* لباس پہننے کی سنتیں *

(۱) لباس پہننے سے پہلے بسم اللہ پڑھنا۔ (۲) سب سے پہلے کرتا پہننا۔ (۳) پہلے دائیں آستین میں ہاتھ ڈالنا پھر بائیں ہاتھ کی آستین میں ہاتھ ڈالنا۔ (۴) گلے میں دالنا۔ (۵) پائجامہ بیٹھ کر پہلے سیدھا پیر ڈالیں پھر اُلٹا پیر ڈالیں۔

* راستہ چلنے کی سنتیں *

(۱) سیدھی جانب سے راستہ چلنا۔ (۲) نگاہیں نیچی کر کے چلنا۔

(۳) درمیانی چال چلنا (نہ زیادہ تیز نہ زیادہ دھیرے چلنا)

(۴) پہلے دایاں قدم آگے بڑھانا پھر بایاں۔

(۵) زمین پر آہستہ آہستہ قدم رکھنا۔

(۶) راستے میں نرم لہجے سے گفتگو کرنا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ وعلیٰ آلک واصحابک یاحبیب اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

پیش لفظ

اللہ تبارک وتعالیٰ کی بارگاہ میں انسان کی بڑی اہمیت ہے، اسی لئے اللہ تعالیٰ نے تمام کائنات کو کُن فرما کر پیدا فرمایا اور حضرتِ انسان کی تخلیق اپنے دست قدرت سے اپنی پسندیدہ صورت پر بنائی۔ انسان کے سر پر تاجِ کرامت سجایا خلافت عظمیٰ کے منصب پر فائز فرما کر انسان کو مسجودِ ملائکہ بنایا۔ اگر انسان ان تمام باتوں پر غور کرے تو معلوم ہوگا کہ انسان کو یہ ساری کرامت علم کی بنیاد پر اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے عطا فرمائی۔ جس علم کے فیضان کی وجہ سے انسان مسجودِ ملائکہ بنا۔ تاجِ کرامت کا حقدار بنا آج اسی علم کے حوالے سے قوم مسلم انتہائی غفلت کا شکار ہے۔ حالانکہ اللہ کے پیارے محبوب رسولِ اعظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود ارشاد فرمایا طلب العلم فریضۃ علیٰ کل مسلم ومسلمۃ (مفہوم) علم دین حاصل کرنا ہر مسلمان مرد وعورت پر بقدر ضرورت فرض ہے۔

اس کے بعد کوئی سورۃ یا تین آیتیں پڑھے یا ایک آیت جو کہ چھوٹی تین آیتوں کے برابر ہو۔ اب اللہ اکبر کہتا ہوا رکوع میں جائے اور گھٹنوں کو ہاتھ سے پکڑلے اس طرح ہتھیلیاں گھٹنے پر ہوں، انگلیاں خوب پھیلی ہوں، پیٹھ بچھی ہو اور سر پیٹھ کے برابر ہو اونچا نیچا نہ ہو، اور کم سے کم تین بار سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ کہے پھر سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ کہتا ہوا سیدھا کھڑا ہو جائے اور اکیلے نماز پڑھتا ہو تو اس کے بعد رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ کہے پھر اللہ اکبر کہتا ہوا سجدہ میں جائے اسطرح کہ پہلے گھٹنے زمین پر رکھے پھر ہاتھ پھر دونوں ہاتھوں کے بیچ پر جائے اور بازوؤں کو کروٹوں اور پیٹ کو رانوں اور رانوں کی پنڈلیوں سے جدا رکھے اور دونوں پاؤں کی سب انگلیوں کے پیٹ قبلہ رُخ میں ہوں اور ہتھیلیاں بچھی ہوں اور انگلیاں قبلہ رخ ہوں اور کم سے کم تین بار سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی کہے پھر سر اُٹھائے پھر ہاتھ اور داہنا قدم کھڑا رہنے دے اور بایاں قدم بچھا کر اس پر خوب سیدھا بیٹھ جائے اور ہتھیلیاں بچھا کر رانوں پر گھٹنوں کے پاس رکھے پھر اللہ اکبر کہتا ہوا

زیر اہتمام: سنی دعوت اسلامی شعبہ مدارس، مالیگاؤں

نصاب تعلیم

برائے مدارس دینیہ

ملنے کا پتہ

مرکز سنی دعوت اسلامی جامع مسجد یا رسول اللہ ﷺ

محلہ گلشن چشت، شہید عبد الحمید روڈ، مالیگاؤں

اطلب العلم من المھد الی اللحد (مفہوم) علم حاصل کرو ماں کی گود سے قبر میں جانے تک اور بھی بہت ساری احادیث علم دین کی فضیلت میں موجود ہیں مگر طوالت کے خوف سے اسی پر اکتفا کرتا ہوں۔

پتہ چلا انسان کو جو کچھ ملا علم کی برکت ہے اور جو ملے گا وہ بھی علم کی ہی برکت سے مگر افسوس! جس کی طرف پیغمبر اسلام ﷺ نے زور دیا آج ہم اور ہماری قوم اتنی ہی دور ہوگئی کہ بنیادی باتوں مثلاً غسل ، وضو، طہارت، نماز، روزہ، نکاح، طلاق ، خرید و فروخت وغیرہ کے مسائل سے بالکل ناواقف ہونے کی وجہ سے طرح طرح کے گناہوں میں مبتلا ہو کر اپنی دنیا اور آخرت کا خسارہ مول لے رہی ہے۔

عالمی تحریک سنی دعوت اسلامی اہلسنت و جماعت کی عالم گیر تحریک ہے جو ہر شعبہ میں قوم مسلم کی رہنمائی کر رہی ہے اسی تحریک کے زیر اہتمام شہر مالیگاؤں میں شعبہ مدارس قائم کیا گیا

* شرائطِ نماز *

(۱) طہارت (۲) سترعورت (۳) استقبال قبلہ
(۴) وقت (۵) نیت (۶) تکبیر تحریمہ

* فرائضِ نماز *

(۱) تکبیر تحریمہ (۲) قیام (۳) قرأت (۴) رکوع
(۵) سجود (۶) قعدۂ اخیرہ (۷) خروجِ بصنعہ (سلام پھیرنا)

* طریقۂ نماز *

نماز پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ باوضو قبلہ رو دونوں پاؤں کے پنجوں میں چار اُنگلی کا فاصلہ کر کے کھڑا ہو اور دونوں ہاتھ کان تک لے جائے کہ انگوٹھے کان کی لو سے چھو جائیں اس حال میں کہ ہتھیلیاں قبلہ رخ ہوں پھر نیت کر کے اللہ اکبر کہتا ہوا ہاتھ نیچے لا کر ناف کے نیچے باندھ لے اور ثناء پڑھے۔ پھر تعوذ یعنی اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پھر تسمیہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر الحمد پڑھے، آمین آہستہ کہے

سجدہ میں جائے اور پہلے کی طرح سجدہ کر کے پھر سر اُٹھائے پھر ہاتھ کو گھٹنوں پر رکھ کر پنجوں کے بل کھڑا ہو جائے اب صرف بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر قرأت شروع کرے پھر پہلے کی طرح رکوع سجدہ کر کے بایاں قدم بچھا کر بیٹھ جائے اور تشہد پڑھے، تشہد پڑھتے ہوئے جب کلمہ لا کے قریب پہنچے تو داہنے ہاتھ کی بیچ کی انگلی اور انگوٹھے کا حلقہ بنائے اور چھنگلیا اور اس کے پاس والی کو ہتھیلی سے ملا دے اور لفظ لا پر کلمہ کی انگلی اُٹھائے مگر اس کو ملائے نہیں اور کلمہ اِلَّا پر گرا دے اور سب انگلیاں فوراً سیدھی کر لے اب اگر دو سے زیادہ رکعتیں پڑھنی ہیں تو اُٹھ کھڑا ہو اور اسی طرح پڑھے مگر فرضوں کی ان رکعتوں میں الحمد کیساتھ سورۃ ملانا ضروری نہیں اب آخری قعدہ جسکے بعد نماز ختم کریگا اس میں تشہد کے بعد درود شریف پڑھے یا کوئی اور دوسری دعائے ماثورہ پڑھے، اس کے بعد داہنے مونڈھے کی طرف منہ کر کے السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہے پھر بائیں طرف، اب نماز پوری ہوگئی۔